تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May,14 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فوٹو نمائش 'فوٹو بزم': ایک پرکشش بصری مظاہرہ جس میں فوٹو گرافی کے شائقین کی بڑی تعداد میں شرکت

اے۔جے۔کے ایم سی آرسی جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اسٹل فوٹو گرافی اور ویزوئل کمیونی کیشن کے پی جی ڈپلوما کی جماعت سال دو ہزار تیئیس اور چوبیس کے طلبا کی تصاویر کی نمائش 'فوٹو بزم' مورخہ تیرہ اور چودہ مئی دو ہزار چوبیس کو منعقد ہوئی۔دو دن کے اس پروگرام کا افتتاح تیرہ مئی کو ایم ایف حسین آرٹ گیلری میں سابق ڈین ،فیکلٹی آف فائن آرٹس جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر غضفر ایچ زیدی کے شمع روشن کرنے کے ساتھ ہوا۔

ممتاز مہمانان جنھوں نے اس پروگرام میں شرکت کی ان میں پروفیسر بندلیکا شرما، پروفیسر شوبنی گھوش اور اے جے کے ماس کمیونی کیشن رسرچ سینٹر کے متعدد فیکلٹی اراکین شامل تھے۔فوٹو نمائش کو دیکھنے کے لیے اے جے کے ایم سی آرسی کے سابق طلبا بھی آئے تھے۔

دن جیسے جیسے آگے بڑھتا گیا طلبا اپنے امتحانات سے فارغ ہوکر دوپہر میں بڑی تعداد میں نمائش دیکھنے پہنچے۔آگے چل کر سمعی وبصری نمائش کو دیکھنے کے لیے طلبا اوران کے کنبہ کے اراکین بڑی تعداد میں پہنچے۔

نمائش کا دورہ کرنے والوں میں ممتاز شخصیات میں گابریلے فونسیکا جونسن (جنوبی ایشیا مدیر، ریوٹرس پکچرس) روی ڈھنگرا (کینن ای او ایس مینٹر) اور پرشوتم دیواکر (سینئر فوٹو صحافی ،انڈیا ٹوڈے) شامل ہیں۔

فوٹو گرافی ڈپلوما کے طلبا کی تیارہ کردہ بصری کہانیوں میں متعدد مرکزی خیالات تھے۔سوشل میڈیا پر بھی نمائش کی واہ واہ ہورہی ہے اور خوب داد وتحسین مل رہی ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی